# New Testament Survey

## نئے عہد نامہ کا جائزہ

### لیکچر نمبر 2

## یہودی مذہب اور مختلف گروہ

### عبادت خانہ:

عبادت خانے بھی اسی خاموشی کے دور میں شروع ہوئے جن کا پس منظر عزرا کے دور سے ملتا ہے۔ یہودی کسی بھی جگہ جہاں دس یہودی موجود ہوں عبادت خانہ بنا سکتے تھے۔قربانیاں اور اس سے جڑی دیگر رسومات تو ہیکل ہی میں ادا کی جاتی تھیں لیکن شریعت کی تلاوت اور دُعائیں ان عبادت خانوں میں کی جاسکتی تھیں۔شریعت پر بحث اور اس سے متعلق سوالات پوچھے جاتے تھے اور ربی یہاں لوگ کو تعلیم دیتے تھے (مرقس 21:1)۔آجکل چرچ بھی اس شکل پر تعمیر ہیں۔

### سنہڈرن:

سنہڈرن ایک یونانی لفظ ہے جس کا مطلب جماعت یا Assembly یا کونسل ہے۔اس کی ابتداء (گنتی 16:11) میں جب خُدا نے موسیٰ کو ستر آدمیوں کے چناؤ کے لئے کہا تب ترتیب دی گئی۔ اس کا ذکر (استثنا 18:16) میں بھی پایا جاتا ہے۔یوں تو جہاں 120 خاندان موجود ہوتے وہیں ایک یہودی عدالت قائم ہوتی تھی۔لیکن اِن کی اعلیٰ ترین عدالت سہڈرن تھی جس کے 70 ممبرز تھے اور ایک سردار کاہن ہوتا تھا۔نئے عہد نامہ میں اسے صدر عدالت کہا جاتا ہے (یوحنا 18:12-14؛ 19-23) اور (متی 26:57-68)۔اس میں 24 کاہن 24 بزرگ اور 22 فقیہ ہوتے تھے۔ رسولوں کو بھی اس کا سامنا کرنا پڑا (اعمال د 4:1-7؛ 6:12-7:1)۔رومی حکومت میں اس کے پاس محدود اختیارات تھے۔یہ کسی کو رومی حکومت کے بغیر سزائے موت کی سزا نہیں سنا سکتی تھی۔

کاہن:

کاہنوں کا انتخاب خُدا کرتا تھا۔لیکن اب یہ عہدہ سیاسی نوعیت ابن چُکا تھا۔ رومی دور میں یہ عہدہ رومی حکومت کی مرضی سے دیا جاتا تھا۔ عام طور پر یہ عہدہ ان کے پسندیدہ لوگوں کو دیا جاتا تھا جو ان کے لئے فائدہ مند ہو۔ان میں سردار کاہن کا عہدہ سب سے بڑا عہدہ تھا۔ جب سے اسرائیل میں بادشاہی نظام ختم ہوا تھا تب سے سردار کاہن ہی یہودیوں کے لئے سب سے بڑا عہدہ متصور ہوتا تھا۔

فقیہہ:

فقیہہ نئے عہدنامہ میں شریعت کے استاد تھے جو اس کی تشریح کرتے تھے۔ یہ لوگوں میں بہت مقبول تھے اور خُداوند یسوعؔ مسیح کے بہت بڑے مخالف تھے۔ یہ ہمیشہ خُداوند یسوعؔ مسیح کی زندگی میں سے کوئی کمی تلاش کرنے کے لئے اس کو آزماتے رہتے تھے۔ (Mt. 22:35-36; Luke 10:25-26; 14:3; Mark 12:28, 35).

فریسی:

فریسیوں کا ذکر نئے عہدنامہ میں اٹھانوے سے زائد مرتبہ ملتا ہے۔لفظ فریسی کا مطلب ہے الگ کیا ہوا۔ یہ اپنے مذہب کے لئے بہت سرگرم تھے۔ یہ بہت قدامت پسند تھے۔ جوسیفس مورخ کے مطابق اس وقت 6000 سے زیادہ لوگ اس فرقہ میں شامل تھے۔ یہودیوں کے نزدیک ان کی بہت قدر و قیمت تھی۔ کیونکہ انہوں نے اپنے آپ کو خُدا کے لئے اور شریعت کے لئے وقف کر رکھا تھا۔ان سب باتوں کے ساتھ ساتھ یہ خُداوند یسوعؔ مسیح کے مخالف تھے۔ Mt. 12:1-2; 23:1-2; Luke 6:6-7; 12:1)